اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰہ

Islamic Msg Service (IMS)

سوال نمبر (1)۔ جشن عید میلاد النبی کیا ہے۔اور ہم اس کو کیوں مناتے ہیں؟

جواب: جشن عید میلاد النبی سے مراد اس دن کی خوشی ہے جس دن امام الانبیاء پیارے مصطفیٰ ﷺ اللہ کی رحمت اور نعمت بن کر اس دنیا میں تشریف لائے اور ہم اس دن کا جشن اللہ کے حکم سے مناتے ہیں۔اس دن پیارے نبی ﷺ کی آمد کی برکات انکی عظمت اور معجزات بیان کیے جاتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: **ترجمہ کنزالایمان:** "تم فرماؤ اللہ ہی کے فضل اور اسی کی رحمت اور اسی پر چاہیے کہ خوشی کریں وہ ان کے سب دھن دولت سے بہتر ہے" (سورۃ یونس -آیت 58)

صحابی رسول ﷺ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ اس آیت میں فضل سے مراد نبی ﷺ کی ذات اقدس ہے۔

(ابن عساکر -جلد42 صفحہ 362 - میزان الاعتدال- جلد4 صفحہ33)

ہمارے نبی ﷺ اللہ کی رحمت ہیں۔اللہ تعالیٰ نے فرمایا: **ترجمہ کنزالایمان:** "اور ہم نے تمہیں نہ بھیجا مگر رحمت سارے جہان کے لئے"

(سورۃ الانبیاء آیت 107)

ان آیات سے پتہ چلا کہ اللہ تعالیٰ ہمیں حکم فرما رہا ہے کہ اسکے فضل اور رحمت پر خوشی مناؤ۔اور یہ بھی بتا دیا کہ وہ فضل اور رحمت میرا نبی ﷺ ہے۔

اللہ تعالیٰ اپنے نبی ﷺ کی آمد پر چرچا کرنے کا حکم فرما رہا ہے: **ترجمہ کنزالایمان:** "اور اپنے رب کی نعمت کا خوب چرچا کرو" (سورۃ والضحیٰ آیت11)

الحدیث: نبی پاک ﷺ اللہ تعالیٰ کی نعمت ہیں (بخاری جلد 2 صفحہ41)

تو پتہ چلا کہ اللہ تعالیٰ کی نعمت یعنی ہمارے نبی ﷺ کی آمد پر جشن منانا اللہ کا حکم ہے۔اسی لیے اہل سنت ہر سال خوب جشن عید میلاد النبی ﷺ مناتے ہیں اور مناتے رہیں گیں (انشاءاللہ)

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡكَ یَارَسُوۡلَ اللّٰه

Islamic Msg Service (IMS)

سوال نمبر (2)۔ لفظ جشن عید میلاد النبی کا کیا مطلب ہے۔

کیا ہم عید الضحیٰ اور عید الفطر کے علاوہ میلاد کو بھی عید کہہ سکتے ہیں؟

جواب: میلاد النبی کا مطلب نبی پاک ﷺ کی ولادت ہے۔ جشن سے مراد اسی ولادت پر خوشی منانا ہے

تفسیر خازن جلد 1 صفحہ 506 میں ہے کہ ہر خوشی کا دن عید ہے۔

تو کیا ہمارے نبی ﷺ کی آمد خوشی کا دن نہیں۔؟ اگر ہے تو پھر اس عید کو دھوم دھام سے منایا کریں۔!!! کیونکہ اس دن صرف شیطان نے عید نہیں منائی تھی۔!!!

قرآن پاک میں ہے: **ترجمہ کنزالایمان:** "عیسٰی ابن مریم نے عرض کی۔ اے اللہ اے رب ہمارے ہم پر آسمان سے ایک خوان اتار کہ وہ ہمارے لئے عید ہو ہمارے اگلے پچھلوں کی"

(سورۃ مائدۃ آیت 114)

اگر من وسلویٰ جیسی نعمت اترنے پر تمام لوگوں کی عید ہو سکتی ہے تو ہمارے نبی ﷺ جیسی عظیم نعمت کے آنے پر ساری دنیا کی عید کیوں نہیں ہو سکتی۔؟

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ الله

Islamic Msg Service (IMS)

سوال نمبر (3)۔ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ نبی پاک ﷺ 12 ربیع الاوّل کو فوت ہوئے تھے اس لیے خوشی کی بجائے افسوس منانا چاہیے؟

جواب: یہ سب شیطانی چال ہے کہ کسی نہ کسی طرح لوگوں کے دلوں سے نبی پاک ﷺ کی خوشی نکالی جائے۔ نبی پاک ﷺ کی ولادت پر کائنات میں سب سے زیادہ افسوس شیطان کو ہوا تھا۔ اس نے چیخنا چلانا شروع کر دیا اور کوہ ابو قبیس پر چڑھ کر ماتم کرنے لگا۔ (مدارج النبوۃ، نزہۃ المجالس)

اور آج بھی کچھ لوگ ابلیس کی پیروی کرتے ہوئے اس دن کا سوگ مناتے ہیں اور مسلمانوں کو اس دن کی خوشی منانے سے روکتے ہیں۔

(نثار تیری چہل پہل پر ہزاروں عیدیں ربیع الاوّل - سوائے ابلیس کے جہاں میں سبھی تو خوشیاں منا رہے ہیں)

ہمارے نبی پاک ﷺ کی ولادت 12 ربیع الاوّل پیر کے دن صبح صادق کے وقت ہوئی اور آپ کا وصال 2 ربیع الاوّل کو ہوا۔

(مدارج النبوۃ۔ جلد۔2 صفحہ 14۔ طبقات کبریٰ۔ جلد 2 صفحہ 208۔ دلائل النبوۃ۔ فتح الباری۔ جلد 8 صفحہ 473)

حضرت آدم علیہ السلام کی وفات جمعہ کے دن ہوئی پھر بھی نبی پاک ﷺ نے جمعہ کے دن کو مسلمانوں کی عید کہا، کیونکہ اسی جمعہ کے دن حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش بھی ہوئی تھی۔

تو پتہ چلا کہ کسی نبی کی یوم پیدائش کو عید کہنا ہمارے پیارے نبی ﷺ کی سنت ہے۔ (صحیح ابن حبان۔ 910)

اپنے موبائل پر ہماری سروس حاصل کرنے کے لیے Write Message میں لکھیں ADD IMS-SMS

(یعنی ADD لکھ کر ایک Space چھوڑیں پھر IMS-SMS لکھیں) پھر اسکو 9900 پر Send کر دیں۔

Under Supervision of Mufti Muhammad Azam Ashrafi
Organized by Mahboob Hassan Ali (Punjab University Lahore)
WWW.facebook.com/love.IMS
(+92) 300 6535444

اَلصَّلوٰةُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰه

Islamic Msg Service (IMS)

سوال نمبر (4)۔ کیا عید میلاد النبی ﷺ کو منانے کا ثبوت قرآن وحدیث سے ملتا ہے؟

جواب: جی ہاں۔۔!! کائنات میں سب پہلا میلاد خود اللہ تعالیٰ نے منایا۔

قرآن میں ہے: **ترجمہ کنز الایمان:** "اور یاد کرو جب اللہ نے پیغمبروں سے ان کا عہد لیا جو میں تم کو کتاب اور حکمت دوں پھر تشریف لائے تمہارے پاس وہ رسول کہ تمہاری کتابوں کی تصدیق فرمائے تو تم ضرور ضرور اس پر ایمان لانا اور ضرور ضرور اس کی مدد کرنا" (سورۃ آل عمران-آیت 83-82-81)

اس آیت کے مطابق اللہ تعالیٰ نے تمام انبیاء کرام کو اکٹھا فرمایا اور ان کی ایک محفل سجائی پھر اس میں اپنے نبی ﷺ کی آمد اور عظمت بیان کی اور ایسی محفل کو ہی ہم میلاد شریف کہتے ہیں۔

تو پتہ چلا کہ ایسی محفل جس میں نبی پاک ﷺ کی آمد کا ذکر اور عظمت بیان ہو اس کو منعقد کرنا اللہ تعالیٰ کی سنت ہے اور ایسی محفل میں شامل ہونا انبیاء کرام علیہم السلام کی سنت ہے۔

اہل سنت وجماعت بھی سینکڑوں سالوں سے ایسی میلاد کی محفلیں مناتے آرہے ہیں اور مناتے رہیں گے (ان شاء اللہ)

Under Supervision of Mufti Muhammad Azam Ashrafi

Organized by Mahboob Hassan Ali (Punjab University Lahore)

WWW.facebook.com/love.IMS

(+92) 300 6535444

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰہ

Islamic Msg Service (IMS)

Page-5

جواب: نبی پاک ﷺ نے خود بھی اپنا میلاد منایا سرکار ﷺ نے تمام صحابہ کرام کو اکٹھا فرمایا اور انہیں اپنی آمد کا ذکر اور اپنی عظمت بتائی۔

سرکار ﷺ نے فرمایا کہ میں خود ہی اپنا میلاد بتاتا ہوں۔ اور اپنی آمد اور عظمت اس طرح بتائی کہ

میں ہر دور میں سب سے بہتر جماعت میں رہا یہاں تک کہ میں سب سے بہتر گروہ میں پیدا ہوا میں اپنے باپ ابراہیم علیہ السلام کی دعا، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی بشارت اور اپنی امی جان کا وہ خواب ہوں جو انہوں جنم دینے سے پہلے دیکھا تھا کہ ان سے نور برآمد ہوا جسکی وجہ سے ان پر شام کے محلات روشن ہوگیے۔ (صحیح بخاری حدیث 3557۔ مشکوۃ المصابیح - صفحہ 513- مستدرک-3566)

آج اہل سنت و جماعت بھی اسی طرح ولادت باسعادت پر خوب محفلیں سجاتے ہیں اور اس میں حضور ﷺ کی آمد کا تذکرہ کرتے ہیں اور آپ ﷺ کے کمالات بتاتے ہیں۔ اب بتائیں اس میں کیا غلط ہے۔۔؟؟

Under Supervision of Mufti Muhammad Azam Ashrafi
Organized by Mahboob Hassan Ali (Punjab University Lahore)
WWW.facebook.com/love.IMS
(+92) 300 6535444

سوال نمبر (6)۔ کیا صحابہ کرام نے بھی کبھی ہمارے نبی ﷺ کا میلاد منایا۔؟

جواب: جیسا کہ آپ نے سوال نمبر 5 میں دیکھا کہ حضور پاک ﷺ نے خود اپنا میلاد منایا تو اسی طرح صحابہ کرام نے بھی نبی پاک ﷺ کی اس سنت کو زندہ رکھا۔

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالی عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک دن صحابہ کرام جلسے کی صورت میں جمع تھے اور محفل منا رہے تھے جس میں وہ اللہ کی حمد و ثناء اور نبی پاک ﷺ کی آمد کا تذکرہ کر رہے تھے اور اس پر اللہ کا شکر ادا کر رہے تھے، تو سرکار ﷺ جب اس محفل میں تشریف لائے تو اس کو بہت پسند فرمایا اور بشارت دی کہ اس محفل کے بارے میں حضرت جبرائیل علیہ السلام نے مجھے خبر دی ہے کہ اللہ تعالی تمہاری اس محفل پر فرشتوں میں فخر فرما رہا ہے

(نسائی-حدیث-5331، مسند امام احمد-16232، سنن کبری نسائی-جلد 3 صفحہ 500، کبیر للطبرانی حدیث 16057)(اسناد صحیح)

آج ہم بھی نبی پاک ﷺ کی ولادت اور آمد کا شکر ادا کرتے ہیں اور صحابہ کرام کی طرح محفل بھی سجاتے ہیں۔

Under Supervision of Mufti Muhammad Azam Ashrafi

Organized by Mahboob Hassan Ali (Punjab University Lahore)

WWW.facebook.com/love.IMS

(+92) 300 6535444

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللہ

Islamic Msg Service (IMS)

سوال نمبر (7)۔کیا صحابہ کرام بھی میلاد کی محفل منعقد کرتے تھے؟

جواب: ہزاروں صحابہ کرام موجود تھے اور نبی پاک ﷺ بھی اس محفل میں موجود تھے جب حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سب کے سامنے حضور ﷺ کا میلاد منایا۔

حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور کی شان میں نعتیں بھی پڑھیں اور سرکار ﷺ کی آمد کا تذکرہ بھی کیا اور آپ ﷺ کی شان بھی بیان کی۔

حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اس طرح میلاد منانے پر حضور ﷺ اتنے خوش ہوئے کہ انکے حق میں دعا دی کہ حضرت عباس کا منہ ہمیشہ سلامت رہے۔ (مستدرک-5417 طبرانی-4057)

میرے نبی ﷺ کے غلاموں دیکھا آپ نے کہ حضور پاک ﷺ میلاد منانے والوں پر کتنا خوش ہوتے ہیں۔

اس کے علاوہ حسان بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور پاک ﷺ کا میلاد منایا کرتے تھے۔

(صحیح بخاری -جلد 1 صفحہ -65)

اور آج اہل سنت و جماعت بھی حضور ﷺ کا میلاد مناتے ہیں اور نعت خوانی کرتے ہیں۔

Under Supervision of Mufti Muhammad Azam Ashrafi
Organized by Mahboob Hassan Ali (Punjab University Lahore)
WWW.facebook.com/love.IMS
(+92) 300 6535444

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہ

Islamic Msg Service (IMS)

سوال نمبر(8)۔ میلاد منانے کا کیا فائدہ ہوتا ہے۔؟

جواب: سیدنا عبدالحق محدث دہلوی اور حافظ شمس الدین بن ناصر الدین نے میلاد شریف کی خوشی منانے والوں اور اس دن صدقہ خیرات کرنے والوں کو بڑی بشارت دی ہے کہ **ابولہب** وہ کافر ہے جس کی قرآن میں مذمت ہوئی ہے، لیکن اس نے نبی پاک ﷺ کی ولادت کی خوشی پر اپنی لونڈی ثویبہ کو جس انگلی کے اشارے سے آزاد کیا تھا اب اسی انگلی سے اسکو پانی دیا جاتا ہے۔ حلانکہ یہ خوشی اس نے سرکار ﷺ کو نبی سمجھ کر نہیں بلکہ اپنا بھتیجا سمجھ کر منائی تھی تو اس کو یہ انعام ملتا ہے۔ تو آپ سوچیں کہ جو مسلمان پیارے آقا ﷺ کو اپنا نبی جان کر ان کی ولادت کی خوشی منائے گا اس کو کتنا اجر ملے گا۔!!! (صحیح بخاری۔حدیث 5101، مصنف عبدالرزاق ۔جلد 9 صفحہ 9 حدیث 16661)

شیخ عبدالحق محدث دہلوی فرماتے ہیں: جشنِ ولادت منانے والوں کی جزاء یہ ہے کہ اللہ انہیں فضل وکرم سے **جنات النعیم** میں داخل فرمائے گا۔ (ما ثبت بالسنۃ ص 102)

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰه

Islamic Msg Service (IMS)

سوال نمبر(۹)۔ کیا ہمارے نبی ﷺ نے اپنی ولادت پر لوگوں کو کھانا کھلایا۔؟

جواب: جی ہاں۔!!!

نبی پاک ﷺ نے اپنا عقیقہ کر کے اپنی پیدائش کی خوشی میں لوگوں کو کھانا کھلایا۔

آج اہل سنت و جماعت بھی سرکار ﷺ کے میلاد کی خوشی میں لوگوں کو کھانا کھلاتے اور صدقہ خیرات کرتے ہیں

(کیا آپ لوگ اپنے بچوں کی پیدائش پر عقیقہ نہیں کرتے۔؟ اگر کرتے ہیں تو جب ہم نے اپنے نبی ﷺ کی ولادت با سعادت پر لوگوں کو کھانا کھلا دیا تو کون سا برا کیا۔؟)

اسی لیے تو اہل سنت و جماعت میلاد شریف پر وافر مقدار میں لنگر کا اہتمام کرتے ہیں۔۔

(رواہ البھقی 19750 ، الحادی للفتاویٰ صفحہ 206)

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہ

Islamic Msg Service (IMS)

سوال نمبر (10)۔ کیا ہمارے نبی ﷺ عید میلاد پر روزہ رکھتے تھے۔؟ اور کیا آپ ﷺ ہر سال میلاد مناتے تھے۔؟

جواب: جی ہاں۔!! نبی پاک ﷺ عید میلاد پر روزہ بھی رکھتے اور ہر سال کیا آپ ﷺ تو ہر پیر شریف کو اپنا میلاد مناتے تھے۔

نبی پاک ﷺ ہر پیر شریف کو روزہ رکھ کر بھی اپنا میلاد منایا کرتے تھے۔

جب سرکار ﷺ سے ہر پیر کو روزہ رکھنے کی وجہ پوچھی گئی تو آپ ﷺ نے بتایا کے اس دن میں پیدا ہوا تھا۔ اس لیے عید میلاد پر روزہ رکھنا بھی نبی پاک ﷺ کی سنت ہے۔

(صحیح مسلم -حدیث-112 صحیح ابن حبان -حدیث-3641)

نوٹ: صرف عید الفطر اور عید الضحیٰ پر روزہ رکھنا منع ہے باقی کسی بھی عید پر منع نہیں ہے حدیث کے مطابق جمعہ مسلمانوں کی عید کا دن ہے اس دن روزہ رکھنے کا حکم بھی سرکار ﷺ نے دیا۔

Under Supervision of Mufti Muhammad Azam Ashrafi
Organized by Mahboob Hassan Ali (Punjab University Lahore)
WWW.facebook.com/love.IMS
(+92) 300 6535444

سوال نمبر (11)۔ عید میلاد النبی ﷺ پر گلیوں میں جھنڈے کیوں لگائے جاتے ہیں۔؟

جواب: یہ جھنڈے لگانا حضرت جبرائیل علیہ السلام کی سنت ہے۔

نبی پاک ﷺ کی ولادت کے وقت حضرت جبرائیل علیہ السلام نے کعبہ کی چھت اور مشرق اور مغرب میں جھنڈے لگائے۔ (البدایہ والنہایہ جلد 6 صفحہ 299)

اور نبی پاک ﷺ کی آمد پر اس رنگا رنگ بہاروں کا اہتمام اللہ تعالیٰ کی طرف سے تھا۔

اسی لیے سینکڑوں سالوں سے اہل سنت و جماعت بھی اس سنت کو زندہ رکھے ہوئے ہیں۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ الله

Islamic Msg Service (IMS)

سوال نمبر (12)۔ کچھ لوگ میلاد شریف پر کیے جانے والے خرچ کو فضول خرچی کہتے ہیں۔کیا یہ درست ہے؟

جواب: نہیں میلاد شریف منانا چونکہ قرآن و حدیث سے ثابت ہے اس لیے نیک کام میں خرچ کرنا سعادت کی بات ہے جیسا کہ قرآن میں ہے کہ اللہ کی رحمت یعنی ہمارے نبی ﷺ کی خوشی منانا تمہارے سب دھن دولت سے بہتر ہے۔ (سورۃ یونس - آیت -58)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ نیکی کے کاموں میں خرچ ہونے والے مال کو فضول خرچی نہیں کہہ سکتے۔ (البحر المدید 225/5)

اسلامی حدود میں رہتے ہوئے اپنے بچوں کی سالگرہ منانے اور اس پر خرچہ کرنے سے اسلام نہیں روکتا اور نہ اسکو فضول خرچی کہتا ہے۔ تو پھر ہمارے پیارے نبی ﷺ کی پیدائش کی خوشی منانا اور اس پر خرچ کرنے سے اسلام کیوں روکے گا۔؟

ویسے بھی میلاد شریف میں غریبوں کی مدد کرنے کا جذبہ اجاگر ہوتا ہے۔ جگہ جگہ لنگر شریف کا اہتمام اور غریبوں اور مسکینوں میں کھانے تقسیم کیے جاتے ہیں۔

Under Supervision of Mufti Muhammad Azam Ashrafi
Organized by Mahboob Hassan Ali (Punjab University Lahore)
WWW.facebook.com/love.IMS
(+92) 300 6535444

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ الله

Islamic Msg Service (IMS)

سوال نمبر (13)۔ میلاد شریف میں جلوس کیوں نکالے جاتے ہیں۔ اور اس میں یارسول اللہ کے نعرے کیوں لگائے جاتے ہیں؟

جواب: سرکار ﷺ کی آمد پر جلوس نکالنا صحابہ کرام کی سنت مبارک ہے 12 ربیع الاول کو جب حضور ﷺ مدینہ میں تشریف لائے تو صحابہ کرام نے آپ ﷺ کی شان وشوکت کے لیے جلوس نکالا اور **یارسول اللہ یامحمد** کے نعرے لگاتے ہوئے گلی گلی سرکار ﷺ کی آمد کا چرچا کیا۔ بڑے بوڑھے بچوں نے سب نے اس جلوس میں شرکت کی۔ لوگوں نے گلیاں بازار سجائے۔ بچیوں نے سرکار ﷺ کی نعتیں پڑھیں اور صحابہ کی اسی سنت کو آج بھی اہل سنت وجماعت نے زندہ کیا ہوا ہے۔

☆ اس کے علاوہ ہمارے نبی ﷺ کی ولادت پر حضرت جبرائیل علیہ السلام کی قیادت میں بے شمار رحمت کے فرشتے جلوس کی صورت میں درودوسلام پڑھتے نازل ہوئے۔ اور سینکڑوں سالوں سے ہم بھی لبوں پہ درود سجائے سرکار ﷺ کے نام کا جلوس نکالتے آرہے ہیں۔ (مستدرک حدیث 15774 اسنادہ صحیح، صحیح مسلم حدیث 7707)

☆ حضور ﷺ کی ولادت پر حضرت حوا حضرت حاجرہ اور حضرت مریم بھی جنتی حوروں کے ساتھ جلوس کی صورت میں حضور ﷺ کی زیارت کو آئیں۔ (مدارج النبوۃ جلد 2 صفحہ 16)

Under Supervision of Mufti Muhammad Azam Ashrafi
Organized by Mahboob Hassan Ali (Punjab University Lahore)
WWW.facebook.com/love.IMS
(+92) 300 6535444

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰه

Islamic Msg Service (IMS)

سوال نمبر(14) ہاتھوں میں جھنڈے پکڑ کر جلوس کیوں نکالا جاتا ہے۔؟

جواب: یہ بھی صحابہ کرام کی سنت ہے۔ جب سرکار مدینہ ﷺ ہجرت کر کے تشریف لا رہے تھے تو بریدہ اسلمی اپنے 70 لوگوں سمیت سرکار ﷺ کو معاذ اللہ گرفتار کرنے آئے۔ مگر آپ ﷺ کی نگاہ فیض سے سب لوگ مشرف با اسلام ہو گیے۔ پھر انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ مدینہ منورہ میں آپ ﷺ کا داخلہ جھنڈوں کے ساتھ ہونا چاہیے تو انہوں نے اپنے عمامے کو نیزوں سے باندھ کر پرچم بنایا۔ پھر جھنڈے لہراتا یہ جلوس مدینہ شریف پہنچا۔ (وفاء الوفاج 1 ص 243)

شیطانی وسوسہ: ہو سکتا ہے کہ یہ شیطانی خیال بھی آئے کہ وہ جلوس تو صحابہ کرام نے نبی پاک ﷺ کی مدینہ تشریف آوری پر نکالا تھا تو ہم اب کیوں نکالتے ہیں۔۔!!

تو یاد رہے کہ ہم صحابہ کرام کی سنت اور ان کی اداؤں کو زندہ کرتے ہیں۔ جیسے حضرت ہاجرہ پانی کی تلاش میں صفہ مروہ دوڑی تھیں۔ لیکن آج ہم کیوں دوڑتے ہیں کیا ہمیں پانی کی تلاش ہوتی ہے؟ یا ہمارے بچے رو رہے ہوتے ہیں؟ نہیں نا۔۔!! تو ہم اس لیے صفہ مروہ پر دوڑتے ہیں کہ حضرت ہاجرہ کی سنت کو زندہ رکھیں۔ کیونکہ یہ ادا اللہ کو بہت پسند آئی تھی اسی طرح صحابہ کرام کا ہر فعل اللہ کو بہت پسند آیا۔ اللہ قرآن میں فرماتا ہے کہ میں ان سے راضی ہوں۔ اور سرکار ﷺ نے خود فرمایا کہ میرے صحابہ روشن ستارے ہیں ان کی پیروی کرو گے تو ہدایت پاؤ گے۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہ

Islamic Msg Service (IMS)

سوال نمبر (15)۔ جلوس نکالنے کا کیا فائدہ ہوتا ہے؟

جواب: ہمارے نبی ﷺ کی آمد پر جلوس نکالنے سے صحابہ کرام کی سنت تازہ ہوتی ہے اور اللہ نے قرآن میں فرمایا کہ میری نعمت کا خوب چرچا کرو (سورہ و اضحی - آیت -11)

جب ساری دنیا میں مسلمان اپنے نبی ﷺ کا جشن منائیں گیں تو پوری دنیا کے کافروں کے دل میں مسلمانوں کا رعب بیٹھے گا۔

حضرت سیدنا عبدالواحد بن اسمٰعیل فرماتے ہیں۔ مصر میں ایک عاشق رسول ﷺ ہر سال خوب جشن ولادت مناتا۔ ایک بار اسکی پڑوسن یہودن نے اپنے شوہر سے اسکی وجہ پوچھی تو اس یہودی نے بتایا کہ یہ اپنے نبی کی ولادت پر جشن مناتا ہے اس پر یہودن نے کہا:

"واہ! مسلمانوں کا طریقہ بھی کتنا پیارا ہے کہ یہ لوگ اپنے نبی کا ہر سال جشن ولادت مناتے ہیں"

وہ رات کو سوئی تو اسکی سوئی ہوئی قسمت جاگ اٹھی۔ اس نے خواب میں سرکار مدینہ ﷺ کی زیارت کی۔ آپ ﷺ کے اردگرد لوگوں کا ہجوم تھا حضور ﷺ نے اس یہودن کو خوشخبری دی کہ تم مسلمان ہونے والی ہو تو اس نے کلمہ پڑھ لیا اور مسلمان ہو گی۔ صبح اٹھتے ہی اس نے جشن ولادت منانے کا ارادہ کیا مگر وہ اپنے شوہر کو اس جشن کا انتظام کرتا دیکھ کر حیران ہوئی اور وجہ پوچھی تو اس کے شوہر نے بتایا کہ رات میں بھی اسی ہجوم میں سرکار ﷺ پر ایمان لے آیا تھا جس میں تم نے کلمہ پڑھا تھا پھر دونوں نے خوب جشن ولادت منایا۔

اسی طرح ایک عالم صاحب فرماتے ہیں کہ مجھے خواب میں سرکار ﷺ کی زیارت ہوئی۔ میں عرض کی: یارسول اللہ ﷺ کیا آپ کو مسلمانوں کا ہر سال جشن ولادت منانا پسند آتا ہے ارشاد فرمایا: "جو ہم سے خوش ہوتا ہے ہم بھی اس سے خوش ہوتے ہیں"

(تنکرۃالواعظین - صفحہ 598 - 600)

Under Supervision of Mufti Muhammad Azam Ashrafi
Organized by Mahboob Hassan Ali (Punjab University Lahore)
WWW.facebook.com/love.IMS
(+92) 300 6535444

سوال نمبر (16)۔ کچھ مذہبی جماعتیں اس بات پر اعتراض کرتی ہیں کہ صحابہ کرام تو اس طرح سڑکوں پر نہیں نکلتے تھے پھر اہل سنت والے کیوں نکلتے ہیں۔؟

جواب: صحابہ کرام نے کس طرح سرکار ﷺ کی آمد پر جشن منایا۔ گلی گلی کوچہ کوچہ اپنے نبی ﷺ کا چرچا پایا یہ سب ہم ثابت کر چکے ہیں۔ مگر جو مذہبی جماعتیں ہمارے میلاد اور جلوس پر اعتراض کرتی ہیں اگر وہ اپنے آپکو تمام ہی صحابہ کرام کا فرمابردار سمجھتی ہیں تو ہمارے کچھ سوالوں کا جواب دیں کہ کیا صحابہ کرام نے بھی سرکار ﷺ کی سیرت پر کتاب لکھی؟ کیا صحابہ کرام نے جگہ جگہ مدرسے بنوائے؟ کیا صحابہ کرام نے اس طرح تعلیم حاصل کی تھی جو آج مدرسوں میں رائج ہے؟ کیا صحابہ کرام سالانہ اجتماع کرواتے تھے؟ کیا صحابہ کرام نے 3 دن کا سہ روزہ لگایا۔ یا کبھی 40 دن کا چلہ کاٹا۔؟ اگر یہ سب کام صحابہ کرام نے نہیں کیے تو یہ سب کچھ آج ان مذہبی جماعتوں نے کیوں شروع کیا ہوا ہے؟

اگر ہر وہ کام حرام ہے جو صحابہ کرام کی زندگی سے نہیں ملتا تو بتائیں کیا صحابہ کرام نے کبھی پیناڈول یا ڈسپرین کھائی؟ کبھی کسی ہسپتال میں داخل ہو کر آپریشن کروائے؟ کبھی انہوں نے 100 یا 1000 کا نوٹ خیرات کیا۔؟ کیا صحابہ کرام جہاز پر حج کرنے جاتے تھے؟ اس کے علاوہ حدیث کی کتابیں، مسجدوں کے محراب، مینار، قرآن مجید کے اعراب، مدرسوں میں درس نظامی جیسے کام نہ تو ہمارے نبی ﷺ نے کیے اور نہ ہی صحابہ کرام نے کیے۔ پھر یہ سب کام مذہبی جماعتیں کیوں کرتی ہیں۔؟

ہمارے نبی ﷺ کی ولادت کی خوشی کے موقع پر جشن منانے کی بجائے یہ شر پسند مذہبی جماعتیں مسلمانوں میں فتنہ پھیلا دیتی ہیں۔ آئیں۔۔۔!! اب ہم آپکو ان کے کچھ کارنامے دکھاتے ہیں

جماعت الدعوۃ اہل حدیث کا جلوس

دیوبند تبلیغی جماعت کا جلوس

جماعت اسلامی کا جلوس

سپاہ صحابہ دیوبند جماعت کا جلو

اہل حدیث کا جلوس

مرکزی اہل حدیث کا جلوس

آپ نے تصویروں میں جو مذہبی جماعتیں دیکھیں یہ وہی مذہبی جماعتیں ہیں جو میلاد شریف کے منانے کو شرک اور اس کے جلوس نکالنے کو بدعت اور حرام کہتی ہیں۔ لیکن آپ نے دیکھا کہ جب یہ خود اپنی سیاست کو چمکانے کے لیے جلسے جلوس کرتے ہیں تب ان کو صحابہ کا طریقہ نظر کیوں نہیں آتا؟ تب وہ فتویٰ کہاں گیا کہ صحابہ سڑکوں پر نہیں نکلتے تھے بس تکلیف تو ان کو میلاد کی ہوتی ہے۔

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ الله

Islamic Msg Service (IMS)

سوال نمبر (17)۔ میلاد شریف پر روشنیاں کیوں کی جاتی ہیں۔؟

جواب: سرکار ﷺ کی مدینہ تشریف آوری پر مدینہ کی ہر چیز روشن ہو گی۔ اور یہ چراغاں کا اہتمام اللہ کی طرف سے کیا گیا تھا۔ اسی طرح ہمارے نبی ﷺ کی ولادت پر بی بی آمنہ نے دیکھا کہ ہر طرف روشنیاں ہو گئیں ہیں۔ پیارے آقا ﷺ کی آمد پر رب ذوالجلال خود چراغاں کر رہا ہے۔ اسی لیے اہل سنت و جماعت بھی ولادت کی خوشی میں اپنے گھروں، مسجدوں، محلوں اور گلیوں میں چراغاں کرتے ہیں۔

(مشکوٰۃ -547 ترمذی -2/202)

(سمجھ نہیں آتی کے ہم اپنے خرچے پر گھروں میں روشنی والی مرچیں لگاتے ہیں لیکن وہ مرچیں میلاد کے منکروں کو کیوں لگ رہی ہوتی ہیں) ☺

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللہ

سوال نمبر (18)۔ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ یہ میلاد پہلی بار اربل کے بادشاہ نے 800 سال پہلے ایجاد کیا تھا اور وہ بادشاہ بے دین تھا اس لئے اس کے طریقے پر نہ چلا جائے؟

جواب: جھوٹ بولنے میں بھی یہ لوگ کمال کر دیتے ہیں۔ ایسی لمبی لمبی چھوڑتے ہیں کہ بندہ حیران رہ جاتا ہے۔

پہلی بات: آج سے 1000 سال پہلے کے امام جوزی نے لکھ دیا ہے کہ اہل ایمان ہمیشہ سے میلاد مناتے آئے ہیں اس وقت تو بادشاہ پیدا بھی نہیں ہوا تھا۔ (میلاد النبی صفحہ 58) **دوسری بات:** اربل کے بادشاہ نے میلاد کا وسیع پیمانے پر انتظام کروایا تھا، اس لیے وہ مشہور ہوا۔ **تیسری بات:** وہ بادشاہ بے دین نہیں تھا، کسی مسلمان کو بے دین کہنا بہت بڑا گناہ ہے محدثین نے اس بادشاہ کو نیک عادل پرہیزگار اور محبت رسول والا لکھا ہے (امام ذھبی 275/16) **چوتھی بات:** اگر بالفرض اربل کا بادشاہ نیک نہ بھی ہو اور ان کے مطابق کسی ظالم بادشاہ کے اچھا کام شروع کرنے پر فتویٰ ہے تو پھر حجاج بن یوسف ایک ظالم ترین بادشاہ گزرا ہے جس نے صحابہ کرام کو بھی شہید کروایا اس بادشاہ نے قرآن پاک کے اعراب لگوائے تھے۔ تو جو لوگ اربل کے بادشاہ پر اعتراض کرتے ہیں وہ قرآن کو بغیر اعراب کے پڑھا اور چھپوایا کریں کیوں کہ یہ اعراب بھی ظالم بادشاہ حجاج بن یوسف نے لگوائے تھے۔

پانچویں بات جن محدثین نے نبی ﷺ کے دین کو سمجھا اور آگے ہم تک پہنچایا وہ بھی گواہی دے رہے ہیں کہ میلاد شریف صحابہ کرام اور اہل ایمان ہمیشہ سے مناتے آئے ہیں: **(1)**۔ شیخ عبدالحق محدث دہلوی فرماتے ہیں کہ میلاد شریف منانا ہمیشہ سے اہل اسلام طریقہ رہا ہے۔ (ماثبت بالسنۃ صفحہ 60) **(2)**۔ امام قسطلانی لکھتے ہیں کہ مسلمان ہمیشہ سے حضور ﷺ کا یوم ولادت مناتے آ رہے ہیں اور صحابہ بھی ولادت پر خیرات کرتے اور خوشی کرتے۔ (تفسیر مواھب الدنیا ج 1 ص 27) **(3)** امام جلال الدین سیوطی فرماتے ہیں کہ ہمیں حضور ﷺ کی ولادت پر خوشی کا اظہار کرنا چاہیے۔ (روح البیان -جلد 9 صفحہ -56) **(4)** مجدد الف ثانی بھی میلاد مصطفیٰ ﷺ مناتے تھے اور اسکو اچھا سمجھتے تھے۔ (مکتب دفتر دوم صفحہ 169)

نوٹ: ان سب باتوں سے پتہ چلا کہ میلاد شریف منانا قرآن و سنت سے ثابت ہے۔ ہمارے نبی ﷺ نے خود بھی میلاد منایا۔ صحابہ کرام بھی میلاد مناتے تھے اور تمام محدثین اور اہل ایمان بھی میلاد مناتے رہیں ہیں اور آج اہل سنت وجماعت بھی اسی طریقے پر ہیں معجم کبیر 156/10 میں ہے کہ کائنات میں میلاد شریف کی خوشی منانے سے صرف شیطان محروم رہا۔

Under Supervision of Mufti Muhammad Azam Ashrafi

Organized by Mahboob Hassan Ali (Punjab University Lahore)

WWW.facebook.com/love.IMS

(+92) 300 6535444

سوال نمبر (19)۔ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ میلاد شرک ہے۔ کیا یہ بات ٹھیک ہے۔؟

جواب: توبہ۔!! توبہ۔!!

یہ لوگ میلاد کو شرک کہہ کر کتنی بڑی بونگی مارتے ہیں۔

میلاد تو ہوتا ہی شرک کے خاتمے کے لیے ہے۔

دیکھیں: ہم لوگ اپنے نبی ﷺ کی ولادت کا دن مناتے ہیں۔ لیکن اللہ ولادت سے پاک ہے۔ تو جب ہم اپنے نبی ﷺ کی ولادت مناتے ہیں تو یہی ثابت کرتے ہیں کہ ہمارے نبی ﷺ کو بھی اللہ نے پیدا کیا۔ تو اس میں کونسی برابری والی بات ہوگئی۔؟ اگر برابری نہیں ہوئی تو شرک کیسے ہوگیا۔؟

اس لیے جو لوگ میلاد کو شرک کہتے ہیں وہ سچے دل سے توبہ کریں۔

Under Supervision of Mufti Muhammad Azam Ashrafi
Organized by Mahboob Hassan Ali (Punjab University Lahore)
WWW.facebook.com/love.IMS
(+92) 300 6535444

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللہ

Islamic Msg Service (IMS)

آخر کیوں۔!!

جو لوگ میلاد شریف کو حرام اور شرک کہتے ہیں وہ اپنی اولاد کی پیدائش پر تو خوشی مناتے ہیں اور مٹھائیاں بھی تقسیم کرتے ہیں لیکن ہمارے نبی ﷺ کی ولادت پر خوشی منانے پر فتوے لگا دیتے ہیں آخر کیوں۔!!

یہ لوگ اپنی اولاد کی شادی بیاہ پر تو چراغاں بھی کرتے ہیں خرچہ بھی کرتے ہیں کھانے کی دعوتیں بھی خوب ہوتی ہیں لیکن ہمارے نبی ﷺ کے میلاد شریف پر فتوے لگا دیتے ہیں آخر کیوں۔!!

منکرین میلاد (اہلِ حدیث اور دیوبند) کے امام کی کتاب فتاویٰ رشیدیہ صفحہ 606 میں ہے کہ اپنے بچوں کی ولادت کی سالگرہ منانا اور اس پر لوگوں کو کھانے کھلانا بالکل جائز ہے۔

لیکن اسی کتاب کے صفحہ 272 میں لکھا ہے کہ نبی پاک ﷺ کی ولادت منانا اور اس پر محافل منعقد کرنا ہر حال میں بدعت اور حرام ہے۔

(اور آج دیکھ لیں ان کی پیروی کرنے والے بھی ایسا ہی کہتے ہیں، ظاہر ہے جیسا امام ویسی عوام)